# جماعت ششم (VI) کے لیے

## مجوزہ تصوّرات/موضوعات/ عنوانات اور ان کی وضاحت/تحدید (Limitation)

### حصہ نثر (درسی اسباق/ابواب کی تعداد=13):

| شمار | تصوّرات/موضوعات/عنوانات | وضاحت/تحدید (Limitation) |
|---|---|---|
| I | سیرت النبی خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہٖ واصحابہٖ وسلم برداشت/رواداری(Tolerance/Resilience) کے حوالے سے یا کوئی اور پہلو | معاشرے میں موجود مختلف لوگوں، طبقات اور مختلف مذاہب کے حوالے سے، دوسروں کی رائے کا احترام، نرمی، لچک، بین المذاہب ہم آہنگی یا سیرت کا کوئی اور نصیحت آموز پہلو |
| II | محنت کی عظمت (Dignity of Labour) | مفہوم، محنت کی ترغیب، کامیابی کے لیے محنت کا ناگزیر ہونا، محنت کرنے والے قومی و بین الاقوامی ہیروز کی مثالیں، اسلامی تعلیمات اور محنت<br>مذکورہ بالا نکات کی بجائے، طلبہ کے لیے کسی اور مناسب حوالے سے بھی یہ باب مرتب کیا جا سکتا ہے۔ |
| III | اخلاقیات/لوک دانش | لوک کہانی۔ایسی کہانی شامل کی جائے جو جماعت ششم کے طلبہ کی ذہنی سطح کے مطابق، دلچسپی کی حامل ہو اور کسی اخلاقی سبق پر مبنی ہو۔ |
| IV | اقبالیات | علامہ محمد اقبالؒ اور نئی نسل۔۔۔(علامہ اقبالؒ کی شاعری میں نئی نسل یعنی نوجوان کا تصور، علامہ اقبالؒ کا مثالی نوجوان، نوجوانوں سے توقعات) |
| V | مزاح | ایسی مزاحیہ تحریر پیش کی جائے جو جماعت ششم کے طلبہ کی ذہنی سطح اور دلچسپی کے مطابق ہو۔ |
| VI | تہوار (Festivals)<br>(کوئی قومی یا عسکری تہوار) | کسی بھی قومی یا عسکری تہوار کو موضوع بنایا جا سکتا ہے جیسے یوم دفاع: ۶ ستمبر یعنی یوم دفاع کے حوالے سے یہ سبق مرتب کیا جائے۔ قومی جوش و ولولہ اور حب الوطنی کو پروان چڑھانا، کسی بھی جارحیت کے لیے ہمہ وقت تیار رہنا، ناقابل تسخیر دفاعِ وطن، باوقار تصاویر سے آراستہ |
| VII | ہمارا ماحول اور آلودگی | ماحول کا تعارف، اہمیت، جدید ترقی اور ماحول، سائنسی ایجادات اور ماحول، آلودگی کی بنیادی اقسام اور ان کی مختصر وضاحت، نقصانات، حفاظتی اقدامات |
| VIII | حفظان صحت، صفائی اور متوازن خوراک | حفظان صحت اور صفائی کا تعارف، اہمیت اور ضرورت، صحت و صفائی کے لیے عملی اقدامات، متوازن خوراک کا تعارف، اہمیت اور ضرورت |
| IX | افواجِ پاکستان کے شہید/شہدا/ نشان حیدر | افواج پاکستان کے شہید/شہدا یا نشان حیدر کے حامل کسی شہید یا شہدا کی بہادری اور جرات کی داستان، جذبہ حب الوطنی اُجاگر کرنا، باوقار تصاویر |
| X | تحفظ اطفال (Child Protection) | جماعت ششم کے بچوں کی عمر اور ذہنی سطح کو ملحوظِ خاطر رکھتے ہوئے کہانی کے انداز میں یہ سبق نہایت احتیاط کے ساتھ مرتب کیا جائے۔اس بات کا خاص خیال رکھا جائے کہ منفی تعلم Negative Learning کا پہلو شامل نہ ہو سکے۔ |
| XI | سیر و سیاحت (Tourisim) | کسی صحت افزا مقام کی سیر۔ یہ سبق کسی معروف قومی یا صوبائی سیاحتی مقام کے حوالے سے مرتب کیا جا سکتا ہے مثلاً ''مری'' وغیرہ |
| XII | پاکستانی مشاہیر | یہ سبق کسی بھی پاکستانی خاتون کے حوالے سے مرتب کیا جا سکتا ہے مثلاً؛ مادر ملت محترمہ فاطمہ جناح کی شخصیت اور خدمات کے حوالے سے۔اعداد و شمار اور تواریخ سے حتی الامکان گریز کیا جائے۔ |
| XIII | زراعت و صنعت | زراعت پر خصوصی توجہ کے ساتھ۔پاکستان کا بنیادی طور پر زرعی ملک ہونا، زراعت کا تعارف، جدید آلات اور مشینری، کھادیں اور ادویات، زراعت کا فروغ وغیرہ کا بیان ۔صنعت کا تعارف، فوائد اور اہمیت وغیرہ |

## حصہ نظم (درسی اسباق/ابواب کی تعداد=7):

### برائے جماعت ششم (VI)

| شمار | تصوّرات/موضوعات/عنوانات | وضاحت/تحدید (Limitation) |
|---|---|---|
| I | اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا | اس سطح پر مجرد تصورات پیش نہ کیے جائیں۔اللہ تعالیٰ کی عظمت و بزرگی، اس کے اوصاف، اس کی نعمتیں،اس کی قدرت اور اس کی تخلیق کردہ کائنات وغیرہ کو بیان کیا جا سکتا ہے۔ |
| II | نعتِ رسولِ مقبول خَاتَمُ النَّبِيِّيْن صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّم | اس سطح پر مجرد تصورات پیش نہ کیے جائیں۔نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيِّيْن صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّم کی انسانی ہمدردی، محبت و شفقت اوراخلاق حسنہ وغیرہ کو بیان کیا جاسکتا ہے جس میں بچوں کے لیے شخصیت سازی اور ترغیب و تربیت کا پہلو موجود ہو۔ |
| III | حب وطنی (Patriotism) | حب الوطنی کے جذبات کو فروغ دینے والی ایسی نظم یا ترانے وغیرہ کا انتخاب کیا جائے جو مترنم ہو اور آسانی سے یاد ہونے کی خصوصیت کا حامل ہو۔ |
| IV | اتحاد یا کسی اور مناسب پہلو پر | اتحاد کے فیوض و برکات یعنی کامرانی، نفاق کے مضمرات یعنی زوال کو موضوع بنایا جاسکتا ہے۔<br>اس کے علاوہ،تدریسی حوالے سے، کسی اور مناسب پہلو پر بھی نظم شامل کی جاسکتی ہے۔ |
| V | فطرت کے مناظر | فطرت/کائنات کے معروف، کسی ایک یا زائد ایسے پہلوؤں کو بیان کیا جائے جو بچوں کی دلچسپی، فہم اور تجربے سے مطابقت رکھتے ہوں۔ |
| VI | مزاحیہ نظم (Humorous Poem) | ایسی نظم منتخب کی جائے جو جماعت ششم کے بچوں کی عمر، دلچسپی اور ذہنی معیار کے مطابق ہو۔ |
| VII | دُعا | اس موضوع کے تحت بہتر اور محفوظ مستقبل کی خواہشات، سماجی اور معاشرتی حوالے سے عمدہ اعمال، جہد مسلسل اور پُر عزم ارادوں کی تکمیل وغیرہ کی دُعا پیش کی جاسکتی ہے۔ |

# جماعت ہفتم (VII) کے لیے

## مجوزہ تصوّرات/موضوعات/ عنوانات اوران کی وضاحت/تحدید (Limitation)

### حصہ نثر (درسی اسباق/ابواب کی تعداد=13):

| شمار | تصوّرات/موضوعات/عنوانات | وضاحت/تحدید (Limitation) |
|---|---|---|
| I | سیرت النبی خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم<br>اخلاقیات: معاشرت/باہمی روابط کے حوالے سے یا کوئی اور پہلو | معاشرت کے آداب یا سیرت کا کوئی اور نصیحت آموز پہلو<br>حضور پاک خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کے اقوال/واقعہ/واقعات سے یہ سبق/باب مزیّن ہو۔ |
| II | خواتین کو بااختیار بنانا<br>(Women Empower ment) | دیہی اور شہری خواتین، دونوں کے حوالے سے قومی ترقی میں ان کے مثبت کردار اور اہمیت کو اُجاگر کیا جائے۔ |
| III | معاشرتی شعور<br>(Civic Sense) | معاشرتی شعور پر مبنی کسی بھی پہلو/عنوان پر یہ باب پیش کیا جاسکتا ہے مثلاً؛ ٹریفک اور اس کے قوانین (درج ذیل پہلوؤں کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے: اہمیت، ضرورت، قوانین، مسائل، اسباب اور تجاویز) |
| IV | مزاح | ایسی مزاحیہ تحریر پیش کی جائے جو جماعت ہفتم کے طلبہ کی ذہنی سطح اور دلچسپی کے مطابق ہو۔ |
| V | لچک (Resilience) : بین المذاہب ہم آہنگی<br>[اقلیتوں کے خصوصی حوالے سے۔] | انسانی رویوں میں لچک، دوسروں بشمول اقلیتوں کی رائے اور حق کا احترام، نئی نسل کو اسلامی اور قومی اقدار و روایات کی روشنی میں اقلیتوں سے اچھے سلوک کی ترغیب دینا۔ بچوں میں درج ذیل پہلو بطورِ خاص پروان چڑھائے جائیں:<br>برداشت، امن، عالمی بھائی چارہ، باہمی عمدہ روابط، دوسروں کے مذہب اور عقیدے کی آزادی اور احترام۔<br>انسانی صلاحیتوں کو نوعِ انسانی کی بہتری کے لیے برتنا۔ |
| VI | اقبالیات | علامہ محمد اقبالؒ کے تصور شاہین کی وضاحت۔ سبق جماعت ہفتم کے طلبہ کی ذہنی سطح کے مطابق؛ آسان، سادہ اور دلچسپ انداز میں پیش کیا جائے۔ |
| VII | پاکستانی مشاہیر | ڈاکٹر عبدالقدیر خان کی شخصیت اور خدمات کے حوالے سے۔ اعداد و شمار اور تواریخ سے حتی الامکان گریز کیا جائے۔ |
| VIII | ہنگامی صورت حال کا مقابلہ<br>(Disaster Risk Management) | کوئی بھی ہنگامی صورت مثلاً؛ دہشت گردی کے حوالے سے۔ دہشت گردی کے خاتمے میں سول سوسائٹی، سرکاری ملازمین، پولیس اور دیگر فورسز کے ساتھ ساتھ پاکستانی فوج کے مرکزی، بنیادی اور موثر کردار کے خصوصی تذکرے کے ساتھ۔ |
| IX | افواجِ پاکستان کے شہید/شہدا/ نشان حیدر | افواج پاکستان کے شہید/شہدا یا نشان حیدر کے حامل کسی شہید یا شہدا کی بہادری اور جرات کی داستان، جذبہ حب الوطنی اُجاگر کرنا، باوقار تصاویر |
| X | کرپشن کا خاتمہ<br>(Eradication of Corruption) | کرپشن کے سدّباب/ خاتمے کا کوئی بھی پہلو مثلاً؛ تجارت اور خرید و فروخت کے حوالے سے<br>مثالی اور عمدہ معاشرے کے قیام کے لیے کرپشن کا سدِّباب، کاروبار کے اصول، ذمہ داری اور ایمان داری کے تقاضے |
| XI | آزادی کشمیر | مسئلہ کشمیر کے اسباب، تحریک آزادی کشمیر کی تاریخ، بھارتی جارحیت اور عوام کی قربانیاں، کشمیری خواتین کا کردار، بھارت کے حالیہ ظالمانہ اقدامات [قانونی اور فوج کشی کے حوالے سے]، اقوام متحدہ اور کشمیر، جدوجہد آزادی میں پاکستان اور پاکستانی عوام کا کردار |
| XII | ماحول اور موسمیاتی تبدیلیاں یا ماحول سے متعلقہ کوئی اور پہلو | شجرکاری کے خصوصی حوالے سے۔ شجرکاری کے ماحول اور موسموں پر اثرات۔<br>جماعت ہفتم کے طلبہ کی ذہنی سطح کے مطابق، ماحول سے متعلقہ کوئی اور موضوع بھی اپنایا جاسکتا ہے۔ |
| XIII | انسداد منشیات یا کسی اور سماجی/معاشرتی برائی کا خاتمہ | منشیات کے استعمال کے معاشی، سماجی، اخلاقی اور طبّی نقصانات، احتیاطی تدابیر، منشیات کی نقل و حرکت کا سدّباب، علاج۔ اس کے علاوہ کسی سماجی اور معاشرتی برائی کے سدّباب پر بھی یہ سبق پیش کیا جاسکتا ہے۔ |

## حصہ نظم (درسی اسباق/ابواب کی تعداد=7):

### برائے جماعت ہفتم (VII)

| شمار | تصوّرات/موضوعات/عنوانات | وضاحت/تحدید (Limitation) |
|---|---|---|
| I | اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا | اس سطح پر مجرد تصورات پیش نہ کیے جائیں۔اللہ تعالیٰ کی عظمت و بزرگی، اس کے اوصاف، اس کی نعمتیں،اس کی قدرت اور اس کی تخلیق کردہ کائنات وغیرہ کو بیان کیا جا سکتا ہے۔ |
| II | نعتِ رسولِ مقبول خَاتَمُ النَّبِيِّيْن صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَىٰ آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّم | اس سطح پر مجرد تصورات پیش نہ کیے جائیں۔نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيِّيْن صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَىٰ آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّم کی انسانی ہمدردی، محبت و شفقت اوراخلاق حسنہ وغیرہ کو بیان کیا جاسکتا ہے جس میں بچوں کے لیے شخصیت سازی اور ترغیب و تربیت کا پہلو موجود ہو۔ |
| III | حب وطنی (Patriotism) | حب الوطنی کے جذبات کو فروغ دینے والی ایسی نظم یا ترانے وغیرہ کا انتخاب کیا جائے جو مترنم ہو اور آسانی سے یاد ہونے کی خصوصیت کا حامل ہو۔ |
| IV | فطرت کے مناظر | فطرت/کائنات کے معروف، کسی ایک یا زائد ایسے پہلوؤں کو بیان کیا جائے جو بچوں کی دلچسپی، فہم اور تجربے سے مطابقت رکھتے ہوں۔ |
| V | مزاحیہ نظم (Humorous Poem) | ایسی نظم منتخب کی جائے جو جماعت ہفتم کے بچوں کی عمر، دلچسپی اور ذہنی معیار کے مطابق ہو۔ |
| VI | قومی یکجہتی/اتفاق یا کسی اور مناسب پہلو پر | پیش کردہ نظم میں ملی و قومی یکجہتی کی عکاسی اس انداز میں کی جائے جس میں اس کے فوائد و ثمرات اور اس کی اہمیت وضرورت سے روشناس کرایا گیا ہو۔<br>اس کے علاوہ، تدریسی حوالے سے، کسی اور مناسب پہلو پر بھی نظم شامل کی جاسکتی ہے۔ |
| VII | دُعا | اس موضوع کے تحت بہتر اور محفوظ مستقبل کی خواہشات، سماجی اور معاشرتی حوالے سے عمدہ اعمال، جہد مسلسل اور پُرعزم ارادوں کی تکمیل وغیرہ کی دُعا پیش کی جاسکتی ہے۔ |

# جماعت ہشتم (VIII) کے لیے

## مجوزہ تصوّرات/موضوعات/ عنوانات اوران کی وضاحت/تحدید (Limitation)

### حصہ نثر (درسی اسباق/ابواب کی تعداد=13):

| شمار | تصوّرات/موضوعات/عنوانات | وضاحت/تحدید (Limitation) |
|---|---|---|
| I | سیرت النبی خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّم خوش طبعی اور خوش مزاجی کے حوالے سے یا کوئی اور پہلو | یہ سبق نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّم کے خوش طبع اور خوش مزاج ہونے اور حس لطیف کے حوالے سے واقعات سے مزیّن ہو۔ یا سیرت کا کوئی اور پہلو جو طلبہ میں ترغیب و عمل کا باعث ہو۔ |
| II | اخلاقیات/ لوک دانش | لوک کہانی۔ایسی کہانی شامل کی جائے جو جماعت ہشتم کے طلبہ کی ذہنی سطح کے مطابق ہو اور کسی اخلاقی سبق پر مبنی ہو۔ |
| III | قدرتی آفات اوران کا مقابلہ (Disaster Risk Management) | سیلاب/ زلزلہ یا دیگر قدرتی آفات وغیرہ کے حوالے سے |
| IV | مناظر پاکستان | پاکستان کے مختلف قابل دید مقامات میں سے چند ایک کا دلچسپ اور آسان فہم انداز میں مختصر تعارف بیان کیا جائے۔ پیش کردہ تحریر؛قدرت سے لگاؤ اور سیاحت کے فروغ کا باعث ہو۔ |
| V | افواجِ پاکستان کے شہید/ شہدا/ نشان حیدر | افواج پاکستان کے شہید/شہدا یا نشان حیدر کے حامل کسی شہید یا شہدا کی بہادری اور جرات کی داستان،جذبہ حب الوطنی اُجاگر کرنا، باوقار تصاویر |
| VI | پاکستانی تہذیب و ثقافت (مختلف سماجی تہواروں کے حوالے سے) | پاکستانی تہذیب و ثقافت کے عناصر، پاکستانی تہذیب و ثقافت کی رنگارنگی، تہذیبی و ثقافتی تہواروں، میلوں اور کھیلوں وغیرہ کی جھلکیاں،اقلیتوں کے تہوار کا تذکرہ بھی شامل ہو۔ |
| VII | کھیل (Sports) | ہاکی: پاکستان کا قومی کھیل۔۔۔کھیلوں کی اہمیت،کھیلوں کی انسانی صحت،رویوں اور زندگی پر اثرات،مقامی، قومی اور بین الاقوامی کھیل۔قومی کھیل کا تعارف اور طریقہ کار |
| VIII | قدرتی ماحول [مختلف موسموں کے حوالے سے] | پاکستان کے موسم ۔۔۔مختلف موسم قدرت کا انمول تحفہ، موسموں کا تعارف اور اہمیت، موسموں کی بنیادی اقسام،ہمارے موسموں کے چیدہ چیدہ پہلو اور ہمارا رہن سہن |
| IX | پاکستانی مشاہیر (کوئی بھی مثالی پاکستانی شخصیت) | حکیم محمد سعید، عبدالستار ایدھی یا کسی دیگر کی شخصیت اور خدمات کے حوالے سے۔اعداد و شمار اور تواریخ سے حتی الامکان گریز کیا جائے۔ |
| X | خواتین کا احترام اوران کا مقام و مرتبہ (Women Empower ment) | اسلام اور احترام خواتین، قبل از اسلام خواتین کی حالت، نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّم کا خواتین سے حسن سلوک، خواتین اور عصر حاضر،خواتین سے امتیازی سلوک اور اس کے سد باب کی کوششیں/اقدامات |
| XI | کرپشن کا خاتمہ (Eradication of Corruption) – | سفارش اور رشوت کے حوالے سے: مثالی اور عمدہ معاشرے کے قیام کے لیے کرپشن کا سدِّباب۔سفارش اور رشوت کے مضر اثرات اور سماجی نقصانات |
| XII | ابتدائی طبّی امداد (First Aid) | کسی بھی حادثے کی صورت میں ابتدائی طبّی امداد (First Aid) کی اہمیت اور ضرورت، جنگ اور امن دونوں حالات میں محکمہ شہری دفاع کا کردار اور افادیت |
| XIII | مسلم مشاہیر (کوئی بھی مثالی اسلامی شخصیت) | نمایاں اسلامی شخصیت۔۔تاریخ اسلام سے کسی ایسی معروف شخصیت کو موضوع بنایا جائے جنھوں نے کسی بھی حوالے سے انسانی تاریخ پر انمٹ نقوش چھوڑے ہوں۔ |

## حصہ نظم (درسی اسباق/ابواب کی تعداد=7):

برائے جماعت ہشتم (VIII)

| شمار | تصوّرات/موضوعات/عنوانات | وضاحت/تحدید (Limitation) |
|---|---|---|
| I | اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا | اس سطح پر مجرد تصورات پیش نہ کیے جائیں۔اللہ تعالیٰ کی عظمت و بزرگی، اس کے اوصاف، اس کی نعمتیں،اس کی قدرت اور اس کی تخلیق کردہ کائنات وغیرہ کو بیان کیا جا سکتا ہے۔ |
| II | نعتِ رسولِ مقبول خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ | اس سطح پر مجرد تصورات پیش نہ کیے جائیں۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی انسانی ہمدردی، محبت و شفقت اوراخلاق حسنہ وغیرہ کو بیان کیا جاسکتا ہے جس میں بچوں کے لیے شخصیت سازی اور ترغیب و تربیت کا پہلو موجود ہو۔ |
| III | حب وطنی (Patriotism) | حب الوطنی کے جذبات کو فروغ دینے والی ایسی نظم یا ترانے وغیرہ کا انتخاب کیا جائے جو مترنم ہو اور آسانی سے یاد ہونے کی خصوصیت کا حامل ہو۔ |
| IV | مزاحیہ نظم (Humorous Poem) | ایسی نظم کا انتخاب کیا جائے جو جماعت ہشتم کے بچوں کی عمر، دلچسپی اور ذہنی معیار کے مطابق ہو۔ |
| V | اتحاد/قومی یکجہتی یا کسی اور مناسب پہلو پر | اتحاد کے فیوض و برکات یعنی کامرانی، نفاق کے مضمرات یعنی زوال کو موضوع بنایا جا سکتا ہے/ پیش کردہ نظم میں ملی و قومی یکجہتی کی عکاسی اس انداز میں کی جائے جس میں اس کے فوائد و ثمرات اور اس کی اہمیت وضرورت سے روشناس کرایا گیا ہو۔<br>اس کے علاوہ، تدریسی حوالے سے، کسی اور مناسب پہلو پر بھی نظم شامل کی جاسکتی ہے۔ |
| VI | فطرت کے مناظر | فطرت/کائنات کے معروف، کسی ایک یا زائد ایسے پہلوؤں کو بیان کیا جائے جو بچوں کی دلچسپی، فہم اور تجربے سے مطابقت رکھتے ہوں۔ |
| VII | اقبالیات | علامہ محمد اقبالؒ کی نظم "دعا" کو شامل کیا جائے۔ |

# ہدایات برائے درسی/ نصابی کتب کی تیاری

۱۔ درسی کتاب میں جہاں کہیں بھی، سیرت النبی خَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کا سبق ہو، وہاں موقعے کی مناسبت سے، متعلقہ درجے اور بچوں کی ذہنی استعداد کے مطابق ختم نبوت کے باقاعدہ تذکرے کا اہتمام کیا جائے۔

[یہ تذکرہ، ضرورت کے مطابق مکمل سبق، پیراگراف، چند جملوں، ایک جملے، چند الفاظ یا ایک لفظ وغیرہ کی صورت میں ہوسکتا ہے۔]

۲۔ درسی کتاب کا متن اس انداز سے مرتب کیا جائے کہ وہ، تحمل، برداشت، دوسروں کے احترام (رائے اور خیال)، سماجی ہم آہنگی، معاشرتی فکری توازن، رویوں میں لچک اور امن کے فروغ دینے میں ممد و معاون ثابت ہو۔

۳۔ درسی کتاب کا مواد ہر لحاظ سے علاقائی، صوبائی، سیاسی، سماجی، لسانی، مذہبی، مسلکی، صنفی، پیشے، ادارے، ذات برادری اور طبقاتی تعصّبات سے مکمل طور پر پاک اور بالاتر ہو۔

۴۔ خاتم النبیین حضرت محمد خَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کا اسم گرامی جہاں کہیں بھی تحریر میں آئے، وہاں پورا درود پاک خَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ لکھنے کا اہتمام کیا جائے۔ ایسے موقعے پر، نہ تو علامتِ درود لگائی جائے اور نہ ہی ڈائی کی صورت والا درود لکھا جائے۔

۵۔ ترتیب کے لحاظ سے ہر درسی کتاب کا آغاز حمد باری تعالیٰ اور نعت رسولِ مقبول خَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ سے کیا جائے۔ یعنی کتاب کا پہلا سبق/ یونٹ ''حمد'' اور دوسرا سبق/ یونٹ ''نعت'' پر مبنی ہو۔

۶۔ ہر کتاب کے پہلے صفحے کے آغاز پر ''بسم اللہ الرحمٰن الرحیم'' مع ترجمہ ضرور درج ہو۔

۷۔ درسی کتاب کا بیرونی سرورق رنگین اور دیدہ زیب ہو۔ یہ کسی موزوں ثقافتی، تہذیبی یا شخصی تصاویر/تصویر، نقشے یا خاکے سے مزین ہوسکتا ہے۔

۸۔ کتابوں کی کمپوزنگ خط نستعلیق میں کی جائے جو اغلاط سے پاک ہو۔ الفاظ کا باہمی فاصلہ معیاری اور یکساں ہو۔ (تاہم ایسے ہدایاتی چوکھٹے نسخ میں درج کیے جاسکتے ہیں جن کا تعلق طلبہ کی خواندگی سے براہ راست نہیں۔)

۹۔ درسی کتب کی تیاری/ تدوین سے پہلے نصابی کمیٹی کے ارکان اور مصنفین کا مشترکہ اجلاس منعقد کیا جائے جس میں مصنفین کو نصاب کے تقاضوں سے پوری طرح آگاہ کیا جائے تاکہ اُردُو کے تدریسی مقاصد پورے ہوں۔ تصنیف کا کام ایسے افراد کے سپرد کیا جائے جو متعلقہ سطح کا تدریسی شعور/ تجربہ رکھتے ہوں اور درسی اسباق کی تیاری، دی گئی ہدایات اور نصابی تقاضوں کے مطابق کرسکتے ہوں۔

۱۰۔ درسی متن کی زبان رواں، شستہ اور روزمرّہ کی بول چال کے قریب ہو۔ ایسی زبان کا استعمال یقینی بنایا جائے جو ہماری زندگی کی عملی ضروریات سے مطابقت رکھتی ہو۔ متروک اور عملی زندگی میں غیر مستعمل الفاظ، مشکل تراکیب اور قدیم محاورات سے اجتناب کیا جائے، جن کا نصابی تقاضوں سے تعلق نہ ہو۔

۱۱۔ کتاب کی تشکیل کے دوران، صنفی توازن کے درجِ ذیل پہلوؤں کو بطورِ خاص ملحوظِ خاطر رکھا جائے:

(الف) مختلف کردار (Characters) پیش کرتے وقت، خواتین کی مناسب اور متوازن نمائندگی کو یقینی بنایا جائے۔

(ب) خواتین اور مردوں کے مابین، ذمّہ داریوں اور فوائد کی منصفانہ اور شفاف تقسیم کو ملحوظ رکھا جائے۔

(ج) دونوں کے لیے، اپنی صلاحیتوں کو پروان چڑھانے کی آزادی اور یکساں مواقع تک برابر رسائی، کے کلچر کو فروغ دیا جائے۔

۱۲۔ درسی کتاب میں شامل اسباق میں تدریجی ارتقا موجود ہونا چاہیے۔ آغاز میں آسان اسباق پیش کیے جائیں پھر مرحلہ وار مشکل اسباق شامل ہوں۔ ایسا نہ ہو کہ مشکل اسباق پہلے ہوں اور آسان بعد میں۔

۱۳۔ کتاب کے اسباق درسی یونٹوں کی شکل میں پیش کیے جائیں۔ ہر سبق/ یونٹ تحریر کرتے وقت درج ذیل پہلوؤں کا لازمی اہتمام کیا جائے:

(الف) ہر سبق کے آغاز میں، اُس سبق سے متعلقہ حاصلاتِ تعلم درج کیے جائیں تاکہ تدریس سے قبل، سبق اور اس کے مندرجات کے مقاصد سے، اساتذہ کرام اور طلبہ بخوبی واقف ہوسکیں۔

(ب) متن سے قبل، سبق/ یونٹ میں استعمال ہونے والے خاص الفاظ درج کیے جائیں۔ اِن خاص الفاظ کو اس انداز سے پیش کیا جائے کہ وہ متن سے الگ نظر آئیں۔

(ج) مشقی سوالات کے بعد، سبق کے متن سے متعلقہ اور نصاب میں مذکور دیگر لسانی مہارتوں کے حصول کے لیے مناسب سرگرمیوں کا بطورِ خاص اہتمام کیا جائے۔

(د) سبق کے آخر میں اساتذہ کرام کے لیے، ایسے مفید اشارات اور مختصر تدریسی ہدایات، جامع انداز میں درج کی جائیں جو سبق کی مؤثر تدریس میں ممد و معاون ہوں۔ ان کا عنوان ''برائے اساتذہ'' رکھا جائے۔

۱۴۔ مشکل الفاظ اور تراکیب پر اعراب ضرور لگائے جائیں۔ تشدید انتہائی ضروری ہے۔ زبر کی علامت درج نہ ہو تو کوئی ہرج نہیں۔ البتہ زیر، پیش اور علامتِ اضافت کو ضرور درج کیا جائے۔ اُردو میں جزم کی علامت دینے کی ضرورت نہیں۔

۱۵۔ کتاب کے آخر میں سبق وار، حروفِ تہجی کی ترتیب سے فرہنگ شامل کی جائے۔

۱۶۔ فرہنگ میں اُن معانی کا خصوصی طور پر پہلے اہتمام کیا جائے جو متن میں استعمال ہوئے ہیں۔ دیگر معانی کی اگر ضرورت ہو تو انھیں بعد میں درج کیا جائے۔

۱۷۔ درسی کتب رنگین (چار رنگوں میں) میں تیار کی جائیں۔ موضوع/متن کی مناسبت سے مناسب جگہوں پر واضح تصاویر/ خاکے وغیرہ ضرور شامل کیے جائیں، جو سبق کے تصوّرات کی تدریس میں استعمال ہوں۔ غیر ضروری اور غیر متعلقہ شمولیت سے گریز کیا جائے۔

۱۸۔ مشقی سوالات میں مختلف طرح کے سوالات کو مناسب نمائندگی دی جائے۔ مثلاً تقویتی، تفہیمی، لسانی، مزید مطالعے اور قوت متخیّلہ کو بیدار کرنے والے سوالات۔ سوالات میں ہر ذہنی سطح کے بچوں کے لیے گنجائش پیدا کی جائے۔ نیز اعلیٰ مدارج کے حصول کی کوشش کو بھی یقینی بنایا جائے۔

۱۹۔ مشقی سوالات صرف درسی سبق کے متن پر محیط نہ ہوں بلکہ ایسے سوالات بھی مرتب کیے جائیں جو متعلقہ درجے کے حاصلاتِ تعلم (SLOs) پر انحصار کرتے ہوں۔

۲۰۔ سوالات کی اقسام اور نوعیت:

(الف) مشقوں میں انشائی طرز کے سوالات مناسب تعداد میں موجود ہوں۔

(ب) کُل سوالات میں سے نصف سے زائد معروضی ہوں جن میں کثیر الانتخابی سوالات (MCQs) خاص تعداد میں ہوں۔ ہر سبق/ یونٹ کی مشق میں یہ تعداد دس سے کم نہیں ہونی چاہیے۔

(ج) ہر سبق/ یونٹ کی مشق میں ''خالی جگہ پُر کریں'' کے سوالات بھی لازمی شامل کیے جائیں۔ اس بات کا بطورِ خاص اہتمام کیا جائے کہ یہ سوال کم از کم پانچ اجزا پر مشتمل ہو۔

(د) علاوہ ازیں، درست/ غلط کی نشان دہی کرنا، جوڑ (مطابقت) کے سوالات، مختصر جوابی سوالات اور دیگر طرز کے مزید ایسے سوالات بھی شامل کیے جائیں جو بچوں کے لیے مؤثر تفہیم اور دلچسپی کا باعث ہوں۔

۲۱۔ کسی ایک پہلو یا نکتے کو ایک سے زائد مختلف نوعیت/ انداز کے سوالوں میں پوچھا جا سکتا ہے۔ایک پہلو کو مختلف انداز/ نوعیت کے سوالوں کے توسط سے پرکھنے سے طلبہ میں فہم، ادراک اور تجزیے کی صلاحیت فروغ پاتی ہے۔

۲۲۔ کتاب میں شامل ہر ماخوذ سبق کے مصنف اور نظم کے شاعر کا نام، متن کے آخر میں درج کیا جائے۔ یہ نام قوسین میں، صفحے کے بائیں جانب درج کیا جائے۔

۲۳۔ کتاب کے متن میں پیش کردہ کرداروں میں کوئی کردار اقلیتوں سے متعلقہ بھی ہونا چاہیے تاکہ اُن میں شمولیت اور معاشرے کا فعال حصّہ ہونے کا احساس مزید مستحکم ہو۔

۲۴۔ کسی نامعلوم (Anonymous) شاعر کا کلام یا کسی نامعلوم (Anonymous) مصنف کی تحریر کو درسی کتاب میں قطعاً شامل نہ کیا جائے۔

۲۵۔ ایلیمنٹری درجات کی درسی کتابوں میں، نظم و نثر کا حصہ الگ الگ نہ رکھا جائے۔ نثری اسباق کے درمیان میں نظمیں مختلف اور مناسب وقفوں سے شامل کی جائیں۔

۲۶۔ متن میں مثالوں کی پیش کش میں اس بات کا خصوصی دھیان رکھا جائے کہ دی گئی مثالیں آس پاس کے ماحول سے متعلق ہوں، تاکہ ثقافتی سطح پر ذہنی مطابقت اور دلچسپی کے عناصر برقرار رہیں۔

۲۷۔ ہر کتاب میں رموزِ اوقاف کا خاص خیال رکھا جائے۔

۲۸۔ درسی کتاب کے متن میں دی گئی معلومات (اعداد و شمار) مستند اور عہدِ حاضرہ سے ہم آہنگ ہوں۔

۲۹۔ درسی کتاب میں ایسی سرگرمیاں ترتیب دی جائیں اور ان کی حوصلہ افزائی کی جائے، جن میں بچے (طالبِ علم) کو مرکزیت حاصل ہو۔

۳۰۔ بغیر تبدیلی اور بغیر تدوین کے، بطورِ نمونہ شامل ہونے والے متون کے علاوہ، دیگر متون پر مصنفین کے نام نہ دیے جائیں کیونکہ ایسے متون کئی تدوینی مراحل سے گزرتے ہیں۔

۳۱۔ پیشکش اور لے آؤٹ درسی و نصابی کتب کی تیاری کے حوالے سے ہو۔ ہر سبق ایک مکمل درسی یونٹ کی شکل میں پیش کیا جائے۔ کوشش کی جائے کہ ہر سبقی یونٹ، دائیں ہاتھ کے کھلتے صفحے سے شروع ہو اور متن، مشق اور دیگر لازمی لوازمات سمیت بائیں ہاتھ کے صفحے پر ختم ہو۔